عمومی شرائط و ضوابط

1. حج کی ادائیگی کیلئے اس سال عمر کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔
2. شناختی کارڈ اور کارآمد پاکستانی پاسپورٹ کی میعاد کم از کم 26 دسمبر، 2023 تک ہونا لازمی ہے۔
3. درخواست گزاروں کیلئے بینک اکاؤنٹ ہونا لازمی ہے۔ نامزد بینک آسان اکاؤنٹ کھولنے میں مدد فراہم کریں گے۔
4. حج داخلے کیلئے بینک جاتے ہوئے تین عدد نیلے بیک گراؤنڈ والی تازہ ترین صاف تصاویر، اپنے اور ایک قریبی رشتہ دار (بطور وارث) کے شناختی کارڈ کی کاپیاں ہمراہ رکھیں۔
5. سعودی منظور شدہ کرونا ویکسین/بوسٹر ڈوز کا سرٹیفکیٹ لازمی ہے۔ نیز کسی بھی وقت آنے والی نئی سعودی ہدایات پر عمل کرنا بھی لازم ہوگا۔
6. اکٹھے سفر حج کیلئے خاندان یا قریبی افراد کے ہمراہ زیادہ سے زیادہ 14 افراد پر مشتمل گروپ بنالیں۔ اکیلا فرد بھی ایک گروپ تصور کیا جائے گا۔
7. سپانسر شپ اور ریگولر حج سکیم کے الگ الگ گروپ بنانا لازم ہے کیونکہ ریگولر حج سکیم کی قرعہ اندازی گروپوں کی بنیاد پر ہوگی۔
8. بینک میں حج درخواست کے تمام کوائف کا درست اندراج یقینی بنائیں۔ نیز حج رجسٹریشن رسید اور اقرار نامہ سنبھال کر رکھیں۔
9. دو سال سے کم عمر (2 اگست، 2021 یا اسکے بعد پیدا ہونے والے) بچوں کیلئے حج اخراجات الگ ہیں۔ تاہم انکے لیے بھی پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات لازم ہیں۔
10. عازمینِ حج کو سعودی عرب میں اپنی واجب قربانی کا انتظام خود کرنا ہوگا۔ قربانی کے ٹوکن سعودی حکومت کے منظور شدہ اداروں سے باآسانی دستیاب ہونگے۔
11. وقت کی بچت کیلئے بینک جانے سے پہلے کوائف کا آن لائن اندراج بذریعہ ویب سائٹ www.hajjinfo.org, www.mora.gov.pk کیا جاسکتا ہے۔
12. حج درخواستیں کسی بھی نامزد بینک سے پراسس کرانا لازمی ہے۔ ریگولر اور سپانسر شپ حج سکیم کے اخراجات، بینکوں کے نام اور فارن کرنسی اکاؤنٹ نیچے درج ہیں۔

حج اخراجات	ریگولر حج سکیم		سپانسر شپ حج سکیم	
	شیر خوار بچے	بڑے	شیر خوار بچے	بڑے
جنوبی زون (کراچی، کوئٹہ، سکھر)	61,865	1,165,000	$227	$4,285
شمالی زون (اسلام آباد، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، سیالکوٹ، رحیم یار خان)	62,865	1,175,000	$231	$4,325

حج درخواستیں 16 تا 31 مارچ 2023 تک وصول کی جائیں گی۔ قرعہ اندازی 05 اپریل کو ہوگی

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ

وزارت مذہبی امور
وبین المذاہب ہم آہنگی
حکومت پاکستان

سرکاری حج سکیم 2023

عازمین حج متوجہ ہوں

اس سال سرکاری حج سکیم کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے

ریگولر حج سکیم

- ریگولر حج سکیم کے تحت 43,308 نشستیں مختص کی گئی ہیں جس کا فیصلہ قرعہ اندازی سے کیا جائے گا۔
- سال 2016 یا اسکے بعد حج کرنے والے مرد و خواتین درخواست دینے کے اہل نہیں ہونگے۔ تاہم حج بدل کے خواہشمند مرد و خواتین یا پہلی بار حج پر جانے والی خاتون کے محرم کو استثنیٰ حاصل ہوگا۔

سپانسر شپ حج سکیم

- سپانسر شپ حج سکیم کیلئے بیرون ملک سے وزارت کے مخصوص فارن کرنسی (ڈالر اکاؤنٹ) میں غیر ملکی زرمبادلہ بھجوانا لازم ہوگا۔
- سپانسر شپ حج سکیم میں درخواست گزاروں کو قرعہ اندازی اور 2016 کے بعد والی پابندی سے استثنیٰ حاصل ہوگا۔
- سپانسر شپ حج سکیم کیلئے 43,308 نشستیں مختص کی گئی ہیں۔ کوٹہ "پہلے آیئے پہلے پایئے" کی بنیاد پر استعمال ہوگا۔

نوٹ

حج اخراجات دی گئی رقم سے کم ہونے کی صورت میں بقیہ رقم حجاج کو واپس کی جائے گی۔

ریگولر حج سکیم کیلئے مندرجہ ذیل بینکوں سے رابطہ کریں۔ سپانسر شپ حج سکیم کیلئے انہی بینکوں میں وزارت کے ڈالر اکاؤنٹ میں رقم منگوائیں **Account Title: HAJJ COLLECTION 2023-MORA**

نیشنل بینک آف پاکستان	SWIFT	NBPAPKKA021	حبیب بینک لمیٹڈ	SWIFT	HABBPKKAXXX	یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ	SWIFT	UNILPKKA741	
	IBAN	PK32NBPA0341004182801898		IBAN	PK28HABB0006027992651199		IBAN	PK26UNIL0109000293302713	
ایم سی بی بینک لمیٹڈ	SWIFT	MUCBPKKA	الائیڈ بینک لمیٹڈ	SWIFT	ABPAPKKA	میزان بینک	SWIFT	MEZNPKKA	
	IBAN	PK82MUCB0606991011009603		IBAN	PK71ABPA0020009998890138		IBAN	PK31MEZN0003050107890040	
زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ	صرف ریگولر حج سکیم کیلئے								
فیصل بینک لمیٹڈ	SWIFT	FAYSPKKA	بینک الحبیب لمیٹڈ	SWIFT	BAHLPKKA	عسکری بینک	SWIFT	ASCMPKKA	
	IBAN	PK47FAYS3000303000000145		IBAN	PK40BAHL5518107999005101		IBAN	PK87ASCM0007053150004704	
سونیری بینک	SWIFT	SONEPKKA	بینک الفلاح	SWIFT	ALFHPKKA5504	دی بینک آف پنجاب	SWIFT	BPUNPKKAXXX	
	IBAN	PK30SONE0001620010890439		IBAN	PK19ALFH5504005001717375		IBAN	PK46BPUN5030010157300011	
حبیب میٹرو بینک	SWIFT	MPBLPKKAXXX							
	IBAN	PK34MPBL9902173330139425							